پریس ریلیز

تاجر برادری کے لیے آسان فنانسنگ اور ڈیجیٹل لین دین کے فروغ کا فیصلہ، صدر گوجرانوالہ چیمبر اور چیف مینیجر اسٹیٹ بینک کی اہم ملاقات

گوجرانوالہ کی انڈسٹری کی ویلیو چین اور ایس ایم ایز کو سستے قرضوں کی فراہمی کے لیے چیمبر میں خصوصی آگاہی سیشنز منعقد کیے جائیں گے: چیف مینیجر اسٹیٹ بینک امتیاز علی

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کے صدر شیخ غلام حسین جج اور سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان گوجرانوالہ کے چیف مینیجر امتیاز علی اور ڈپٹی چیف مینیجر راحیل رسول سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں گوجرانوالہ کی تاجر و صنعت کار برادری کو ڈیولپمنٹ فنانس کی سہولیات، ڈیجیٹل ٹرانزیکشن کے فروغ اور سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز (SMEs) کو آسان قرضوں کی فراہمی کے لیے مشترکہ حکمتِ عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

اس موقع پر چیف مینیجر اسٹیٹ بینک امتیاز علی اور ڈپٹی چیف مینیجر راحیل رسول نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک ڈیولپمنٹ فنانس کے تحت کمیونٹی کی معاشی بحالی اور کاروباری طبقے کی ترقی کے لیے سرگرم ہے جس کے لیے قومی و بین الاقوامی اداروں کا تعاون بھی حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ ایک بڑا صنعتی مرکز ہے جہاں کارپوریٹ کمپنیوں کی مکمل ویلیو چین کا سروے کر کے انہیں اور ان سے منسلک چھوٹے کاروباروں کو آسان فنانسنگ فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس پروگرام کی قرضہ حد بڑھا دی گئی ہے جبکہ زرعی فنانسنگ اور میرا پاکستان میرا گھر اسکیم پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

اسٹیٹ بینک حکام نے تجویز دی کہ دیہی اور غیر بینک شدہ علاقوں میں بینکاری کے فروغ کے لیے چیمبر کے ساتھ مل کر کام کیا جائے اور تاجروں کو قرضہ اسکیموں، مالیاتی ریکارڈ مرتب کرنے اور ڈیجیٹل لین دین سے متعلق آگاہی دینے کے لیے کمرشل بینکوں کے تعاون سے چیمبر میں خصوصی سیشنز منعقد کیے جائیں تاکہ یہاں کے کاروباری ادارے مستفید ہو سکیں اور ملکی ایکسپورٹ میں اپنا اہم کردار ادا کر سکیں۔

صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج اور سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل نے اسٹیٹ بینک کے اقدامات کو سراہتے ہوئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کو کیش لین دین کے بجائے جدید ڈیجیٹل ٹرانزیکشن سسٹم پر منتقل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے جس سے کاروباری شفافیت بڑھے گی۔ صدر چیمبر نے کہا کہ انٹرپرینیورز اور ایس ایم ای سیکٹر کو سستے قرضوں اور حکومتی فنانسنگ اسکیموں سے مستفید کرنے کے لیے گوجرانوالہ چیمبر میں جلد آگاہی سیشن منعقد کیا جائے گا اور کارپوریٹ سیکٹر کے ساتھ ون آن ون ملاقاتوں کا اہتمام بھی یقینی بنایا جائے گا۔

PRESS RELEASE

Decision to Promote Easy Financing and Digital Transactions for the Business Community: Crucial Meeting Between GCCI President and SBP Chief Manager

Special Awareness Sessions to Be Held at the Chamber to Provide Affordable Loans to Gujranwala's Industrial Value Chain and SMEs: SBP Chief Manager Imtiaz Ali

GUJRANWALA: Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) President Sheikh Ghulam Hussain Judge and Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal held an important meeting with State Bank of Pakistan (SBP) Gujranwala Chief Manager Imtiaz Ali and Deputy Chief Manager Raheel Rasool. The session featured comprehensive deliberations on a joint strategy to extend development finance facilities, promote digital transactions, and ensure easy access to credit for Small and Medium Enterprises (SMEs) in Gujranwala.

Speaking on the occasion, SBP Chief Manager Imtiaz Ali and Deputy Chief Manager Raheel Rasool stated that the State Bank is actively working under its development finance mandate for economic revitalization and business growth, supported by national and international institutions. They noted that Gujranwala is a major industrial hub where comprehensive value-chain surveys of corporate entities will be conducted to provide easy financing to both anchor companies and their allied small businesses. They further shared that the government has enhanced the loan limit under the Prime Minister's Youth Business Program, alongside focused attention on agricultural financing and the Mera Pakistan Mera Ghar scheme.

SBP officials proposed collaborating closely with the Chamber to expand banking outreach in rural and unbanked areas, suggesting the organization of specialized awareness sessions at GCCI in partnership with commercial banks. These sessions will educate traders on loan schemes, financial record-keeping, and digital payment systems so local enterprises can maximize benefits and contribute significantly to national exports.

GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge and Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal lauded the State Bank's initiatives and assured full institutional cooperation. They emphasized that transitioning Gujranwala's business community from cash-based dealings to modern digital transaction systems is the need of the hour to enhance commercial transparency. The GCCI President affirmed that an awareness session will soon be convened at the Chamber—alongside structured one-on-one meetings with the corporate sector—to help entrepreneurs and SMEs capitalize on low-cost loans and government financing schemes.